ہم (حیض سے پاک ہونے کے بعد) گدلے اور پیلے رنگ کے پانی کو کچھ شمار نہیں کرتے تھے

ام عطیہ بنت حارث رضی اللہ عنہا، جنھوں نے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے ہاتھ پر بیعت کی تھی، سے روایت ہے، وہ کہتی ہیں : ہم (حیض سے پاک ہونے کے بعد) گدلے اور پیلے رنگ کے پانی کو کچھ شمار نہیں کرتے تھے

[صحیح] [اسے ابو داود نے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے اور بخاری نے (بعد الطہر) کے اضافے کے بغیر روایت کیا ہے]

صحابیہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا بتاتی ہیں کہ عورتیں اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے زمانے میں حیض سے پاک ہونے کے بعد فرج سے نکلنے والے سیاہی مائل یا زردی مائل پانی کو حیض نہیں سمجھتی تھیں چنانچہ اس کی وجہ سے نماز اور روزے نہیں چھوڑتی تھیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/10014